TALEEMI DUNYA

Test Syllabus: Unit # 9 (9-امتحان ،1-حمد 1- ہستی اپنی حباب کی سی ہے* دوست کے نام خط لکھ کر جہیز اور شادی کے موقع پر بے جا اسراف کی مذمت کیجیے،
* "عقل مند بیوی"*دو ہم جماعت دوستوں کے درمیان مکالمہ، متضاد/مترادف)

St. Name		Test	Urdu	T. Marks	40	Time	60 Min
F. Name		Class	9th	T. Code	U#9	T. Date	

حصّہ معروضی

نوٹ:ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,Cاور Dدئیے گئے ہیں جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سےبھر دیجئے ۔ایک سےزیادہدائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصورہوگا۔8

-1	بندے پر امتحان کا اثر نہیں تھا:						
(A)	رتی برابر	(B)	ذرّہ برابر	(C)	بالکل	(D)	معمولی
-2	طالب علم نے کتنے سال میں لاکلاس کا کورس پورا کیا؟						
(A)	چار سال	(B)	دوسال	(C)	تین سال	(D)	پانچ سال
-3	سب سے مقدم حق کس کا ہے؟						
(A)	مسافر کا	(B)	راہ گیر کا	(C)	اللہ تعالیٰ کا	(D)	ہمسایہ کا
-4	نظم "حمد" میں حمد سرا ہے:						
(A)	محرم	(B)	نا محرم	(C)	فرماں بردار	(D)	نافرماں
-5	ہستی اپنی-----کی سی ہے-						
(A)	حباب	(B)	کباب	(C)	شراب	(D)	خراب
-6	"خدائے سخن" کس شاعر کوکہا گیا ہے؟						
(A)	میر دردؔ	(B)	مرزاغالبؔ	(C)	میر تقی میرؔ	(D)	بہادر شاہ ظفرؔ
-7	مترادف الفاظ کی فہرست ہے:						
(A)	آسان ، مشکل	(B)	حکایت، شکایت	(C)	ذوق، خوف	(D)	عاقل ، دانش مند
-8	عسرت کا مترادف ہے:						
(A)	سعرت	(B)	اسراع	(C)	کسرت	(D)	تنگ دستی

حصّہ انشائیہ

سوالنمبر2 ۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ **4**

- گو سب سے مقدم ہے حق تیرا ادا کرنا
  بندے سے مگر ہوگا حق کیسے ادا تیرا
- بار بار اس کے در پر جاتا ہوں حالت اب اضطراب کی سی ہے

سوالنمبر3 ۔ مندرجہ ذیل نثر پارے کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کانام بھی لکھیے۔ **05**

جب دوسروں سے مد د ملنے کی توقع منقطع ہوگئی تو میں نے دل میں سوچا کہ چلو ان گارڈ صاحب سے ہی پوچھیں۔ میں کھڑا ہو گیا۔ وہ آئے میں دریافت کیا کہ جناب اس دوسرے سوال کا کیا جواب ہے ؟ وہ مسکرائے اور کہا کہ" مجھے معلوم نہیں"

سوالنمبر4: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے چار سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔

1) مضمون نگار کو امتحان سے گھبرانے والوں پر ہنسی کیوں آتی ہے؟
2) اللہ کا گدا کس میں مگن رہتا ہے؟
3) جُوں جُوں امتحان کے دن قریب آتے جاتے ، مضمون نگار کے دوستوں اور ہم جماعتوں کا کیا حال ہو تا؟
4) میرؔ نے نیم باز آنکھوں کی مستی کوکیا قرار دیا ہے؟
5) بادصبا گھر گھر کیا لیے پھرتی ہے؟
6) شاعر اضطراب کی حالت میں کیا کرتا ہے؟

سوالنمبر5: سبق"امتحان " کا خلاصہ لکھئے۔ **05**

سوالنمبر6: دوست کے نام خط لکھ کر جہیز اور شادی کے موقع پر بے جا اسراف کی مذمت کیجیے۔ **10**